نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان کا دورہ

کپاس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی اور زراعت (توسیع) کے افسران میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے

روئی کے مقرر کردہ پیداواری ہدف سے زائد گانٹھوں کے حصول کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا جا رہا ہے۔افتخار علی سہو

لاہور:27جون2026:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کپاس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی،سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی،ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں،ڈاکٹر عامر رسول،ڈاکٹر ساجد الرحمٰن ،ڈاکٹر محمد انجم علی،صدر کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر،ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ،ڈاکٹر خالد حمید سمیت محکمہ زراعت وانہار کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ روئی کے مقرر کردہ پیداواری ہدف سے زائد گانٹھوں کے حصول کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ رپورٹس کے مطابق پنجاب میں کپاس کی موجودہ صورتحال نہایت اطمینان بخش ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے محکمہ زراعت اور محکمہ انہار کے افسران کو ہدایت کی کہ نہری پانی کی فراہمی کیلئے باہمی قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے۔

بعدازاں سیکرٹری زراعت پنجاب نے شعبہ توسیع کے افسران میں لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز کو 400 لیپ ٹاپ فراہم کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ لیپ ٹاپ کی فراہمی کا مقصد زرعی توسیعی خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے جبکہ آئی ٹی سہولیات کی فراہمی سے سروس ڈلیوری میں بہتری آئے گی۔

☆☆☆☆